Maulana Azad National Urdu University

B.A : (BAUR301CCT) III Semester Examination - December - 2017

Paper : Ghazal, Marsiya, Rubayi, Inshaiya aur Khaka (Fresh / Backlog)

پرچہ : غزل، مرثیہ، رباعی، انشائیہ اور خاکہ

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) رباعی میں زیادہ تر کس قسم کے مضامین قلم بند کیے جاتے ہیں؟

(a) عشقیہ (b) اخلاقی (c) تاریخی (d) سائنسی

(ii) رباعی کے لیے صرف ایک بحر مختص ہے۔ اس کا نام بتایئے؟

(a) متقارب (b) مثمن (c) ہزج (d) رمل

(iii) ''غزل اور متغزلین'' کے مصنف کا نام بتایئے۔

(a) عبادت بریلوی (b) اختر انصاری (c) مسیح الزماں (d) رشید احمد صدیقی

(iv) غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) حسن مطلع (b) بیت الغزل (c) مطلع (d) مقطع

(v) انیس کا پورا نام کیا تھا؟

(a) مرزا سلامت علی انیس (b) انیس لکھنوی (c) میر علی انیس (d) میر ببر علی انیس

(vi) ''دست خدا کا ________ بازو حسین ہے'' اس مصرے کو مکمل کیجیے۔

(a) طاقت (b) قوت (c) حشمت (d) رحمت

(vii) نذیر احمد، مرزا فرحت اللہ بیگ کے کون تھے؟

(a) استاد (b) شاگرد (c) والد (d) چچا

(viii) مجتبیٰ حسین کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(a) حیدرآباد (b) دہلی (c) گلبرگہ (d) بیدر

(ix) شہنشاہ رباعیات کسے کہا جاتا ہے؟

(a) امجد حیدرآبادی (b) اکبرالہ آبادی (c) عمر خیام (d) انیس

(x) ''ارہر کا کھیت'' کے مصنف کا نام بتائیے۔

(a) رشید احمد صدیقی (b) پطرس بخاری (c) کنہیالال کپور (d) فکر تونسوی

حصہ دوم

(2) فانی کی غزلوں کی خصوصیات کیا ہیں؟ مثالوں سے سمجھائیے۔

(3) انشائیہ کسے کہتے ہیں۔ اس کی فنی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

(4) مجتبیٰ حسین نے ''مسکراہٹوں کا آدمی'' میں سجاد ظہیر کی کن خصوصیات کو نمایاں کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

(5) پطرس نے اپنے انشائیے لاہور کا جغرافیہ میں لاہور کو کس طرح پیش کیا ہے۔ وضاحت کیجیے۔

(6) مرثیے کے فن اور اس کے اجزائے ترکیبی پر ایک نوٹ تحریر کیجیے۔

(7) حسرت موہانی کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

(8) رباعی کی فنی خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔

(9) چکبست کا مرثیہ ''گوپال کرشن گوکھلے'' کا خلاصہ لکھیے۔

حصہ سوم

(10) غزل کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے فن پر روشنی ڈالیے۔

(11) انیس کی مرثیہ نگاری کی خصوصیات مثالوں سے سمجھائیے۔

(12) انشائیہ ''ارہر کا کھیت'' کا تجزیہ پیش کیجیے۔

(13) ''نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

(14) فراق کی رباعی گوئی پر تبصرہ کرتے ہوئے ذیل میں دی گئی رباعی کی تشریح کیجیے:

سوئی ہوئی تقدیر کو بیدار کریں
کھوئی ہوئی دنیا کو خبردار کریں
جس آنکھ کی مستی ہے جہاں پر چھائی
ممکن ہو تو اس آنکھ کو ہشیار کریں

☆☆☆